آخری اپ ڈیٹ: 26 اپریل 2021

## کووڈ-19: ٹورنٹو کے مکینوں کے لیے رہنما

یہ رہنما کووڈ-19 کے سبب شٹ ڈاؤن کے اقدامات اور جمعرات 8 اپریل کو ٹورنٹو میں صوبہ اونٹاریو میں نافذ العمل گھر پر رہنے کے صوبائی آرڈر کے تحت مطلوب کچھ چیزوں کے بارے میں معلومات فراہم کرتا ہے۔

یہ رہنما قانونی مشورہ نہیں ہے لیکن ان میں سے کچھ ہدایات کی خلاف ورزی سے صوبائی ضوابط کے تحت جرائم لازم آئیں گے۔ تمام قابل اطلاق صوبائی ضوابط کی قانونی تعمیل یقینی بنانے کے لیے، افراد اور کاروبار کو چاہیے کہ متعلقہ قوانین، بشمول شٹ ڈاؤن والے زون کے التزامات، گھر پر رہنے کا آرڈر سے رجوع کریں، اور/یا قانونی مشورہ لیں۔ صوبائی کووڈ-19 کے سبب شٹ ڈاؤن: اضافہ شدہ صحت عامہ اور جائے کار میں حفاظتی اقدامات کا ایک خلاصہ صوبے کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔

پارکوں اور عوامی چوراہوں کے لیے سٹی کا ماسک کا ضمنی قانون، اور جسمانی دوری قائم کرنے کے ضمنی قوانین بھی نافذ العمل ہیں اور ان پر عمل کرنا ضروری ہے۔ وائرس کا پھیلاؤ کم کرنے کے لیے صحت عامہ کے اقدامات پر بھی عمل کرنا ضروری ہے۔ اگر کووڈ-19 کے بارے میں آپ کے کوئی سوالات ہوں تو ٹورنٹو پبلک ہیلتھ ہاٹ لائن کو 416-338-7600 پر کال کریں۔

ٹورنٹو میں کووڈ-19 کے پھیلاؤ کو روکنے میں مدد کرنے کے لیے اپنے حصے کا کام کرنے پر ہم آپ کے مشکور ہیں۔

| | **شٹ ڈاؤن والا زون اور گھر پر رہنے کا آرڈر** |
|---|---|
| **اندرون میں مجمع** | آپ کو چاہیے کہ ہمہ وقت اس رہائش میں رہیں جہاں آپ فی الحال رہتے ہیں الّا یہ کہ گھر پر رہنے کے آرڈر میں اجازت یافتہ کسی وجہ کے مدنظر گھر سے نکلنا ضروری ہو۔ آپ اپنی رہائش کے بیرون والے حصے جیسے اپنا صحن یا اندرون کی وہ عمومی جگہیں جو کھلی رہتی ہیں، بشمول وہاں پر لابیاں استعمال کر سکتے ہیں جہاں آپ سماجی دوری قائم رکھ سکتے ہوں اور ماسک پہن سکتے ہوں۔<br><br>ایک ہی گھرانے کے افراد اور اکیلے رہنے والے ایک فرد کو چھوڑ کر، اندرون میں منظم عوامی ایونٹس اور سماجی مجمع کی اجازت نہیں ہے۔<br><br>اگر آپ اکیلے رہتے ہیں تو، آپ کو صرف ایک دوسرے گھرانے کے ساتھ قریبی رابطہ رکھنا چاہیے۔ |
| **بیرون میں مجمع** | بیرون میں منظم عوامی ایونٹس اور سماجی مجمع کی اجازت نہیں ہے، سوائے ایک ہی گھرانے کے ممبران اور اکیلے رہنے والے ایک فرد کے۔ |
| **اسکولز** | کافی محدود استثاء کی شرط کے ساتھ، *تعلیمی ایکٹ* کے معنی کے اندر آنے والے اسکول بند رہیں گے۔ |
| **دوسرے علاقوں کا سفر** | آپ کو اپنے علاقے یا صوبے سے باہر سفر نہیں کرنا چاہیے الّا کہ یہ مطلق لازمی ہو۔ |
| **مذہبی خدمات: شادی بیاہ اور تجہیز و تکفین** | شادی بیاہ، تجہیز و تکفین، یا مذہبی خدمات، رسومات یا تقریب کے مقاصد کے لیے اندرون اور بیرون میں مجمع 10 یا اس سے کم لوگوں تک محدود ہے۔<br><br>کسی شادی بیاہ، تجہیز و تکفین، یا مذہبی خدمت، رسومات، یا تقریب کے ساتھ وابستہ یا اس پر عمل کرتے ہوئے اندرون اور بیرون میں سماجی مجمع کی اجازت نہیں ہے۔ |
| **ریٹیل** | بیشتر ریٹیل اسٹورز درون اسٹور خریداری کے لیے بند ہیں۔ صرف 7 بجے صبح اور 8 بجے شام کے بیچ پیشگی اپائنٹمنٹ کے ذریعے پہلے سے آرڈر کردہ سامان کے پک اپ اور ڈیلیوری کی اجازت ہے۔ تمام تر فروخت ایسے |

آخری اپ ڈیٹ: 26 اپریل 2021

| | |
|---|---|
| | **شٹ ڈاؤن والا زون اور گھر پر رہنے کا آرڈر** |
| | انداز میں ہونی چاہیے جس میں گاہک کو اسٹور میں داخل ہونے کی ضرورت نہ پڑے۔ 6 بجے صبح اور 9 بجے رات کے بیچ ڈیلیوری کی اجازت ہے۔<br><br>اسٹور کے اندر خریداری کی اجازت درج ذیل جگہوں میں 25% گنجائش کی حد کے ساتھ مشروط ہے:<br><br>• فارمیسیز<br>• وہ اسٹور جو بنیادی طور پر کریانہ سامان بیچتے ہیں (سپر مارکیٹس، کنوینیئنس اسٹورز، انڈور فارمرز مارکیٹس)<br>• ڈسکاؤنٹ اور بگ باکس اسٹور جنہیں صرف محدود آئٹمز بشمول کریانہ سامان، پالتو جانور کی دیکھ بھال کی رسد، گھریلو صفائی، نگہداشت صحت کی رسد، اسکول کی رسد اور گھرلو حفاظتی رسد فروخت کرنے کی اجازت ہے<br>• وہ اسٹور جو شراب (بیئر، وائن اور اسپرٹس) بیچتے ہیں<br>• بیرون میں گارڈن سنٹرز اور پودوں کی نرسریز<br>• اندرون میں گرین ہاؤسز<br><br>بیرون میں مارکیٹس کی اجازت ہے اگر:<br><br>• وہ بنیادی طور پر غذا بیچتے ہوں، اور<br>• سرپرستوں کو پروڈکٹس ایسے انداز میں جو سرپرستوں کو ہمہ وقت بیرون کے حصے میں رہنے کی اجازت دیتے ہوں یا سڑک کنارے پک اپ اور ڈیلیوری کے ذریعے فراہم کیے جاتے ہوں، اور<br>• گنجائش 25% سے تجاوز نہیں کرتی ہو<br><br>صرف بذریعہ اپائنٹمنٹ، اسٹور کے اندر خریداری کی اجازت درج ذیل جگہوں میں 25% گنجائش کی حد کے ساتھ مشروط ہے:<br><br>• حفاظتی سپلائی اسٹورز<br>• ایسے کاروبار بنیادی طور پر اعانتی، حرکت پذیری یا طبی آلات، امدادی سامان یا رسد بیچتے، کرایے پر دیتے یا ان کی مرمت کرتے ہیں<br>• نسخے پر عینک فروخت کرنے والے چشمے کے اسٹورز<br>• ٹیلی مواصلات فراہم کنندہ ریٹیل اسٹورز<br><br>افراد شاپنگ مالز میں صرف انہی کاروبار تک رسائی حاصل کرنے کے لیے جنہیں صوبائی ضابطے کے تحت کھلنے کی اجازت ہے، جس میں وہ فارمیسیز یا اسٹورز شامل ہیں جو بنیادی پر گنجائش کی حد کے ساتھ مشروط غذا فروخت کرتے ہیں یا واحد نامزد پک اپ ایریا میں شیڈول شدہ پک اپ اپائنٹمنٹ کے مدنظر داخل ہو سکتے ہیں۔<br><br>جن اسٹورز کو کھلنے کی اجازت ہے انہیں سرپرستوں سے خود کی اسکریننگ کا مطالبہ کرتے ہوئے نشانیاں شائع کرنا ضروری ہے۔ اگر آپ خود کی اسکریننگ میں پاس نہیں ہوتے ہیں تو، آپ کو داخل نہیں ہونا چاہیے۔<br><br>طبی کیفیات میں مبتلا افراد یا کافی چھوٹے بچوں کے لیے کافی محدود استثناء کے ساتھ، اسٹورز میں موجود تمام افراد پر ماسک یا فیس کورنگ پہننا لازم ہے۔ |

آخری اپ ڈیٹ: 26 اپریل 2021

| | |
|---|---|
| | **شٹ ڈاؤن والا زون اور گھر پر رہنے کا آرڈر** |
| **ریستوراں** | الکحل سمیت، ٹیک آؤٹ، ڈرائیو تھرو اورڈیلیوری کی اجازت ہے۔<br><br>اندرون اور بیرون میں کھانا کھانے کی اجازت نہیں ہے۔ |
| **ذاتی نگہداشت کی خدمات** | ذاتی نگہداشت کی خدمات جیسے ہیئر سیلونز، نائی کی دکانیں، نیل سیلون، ٹیننگ اسٹوڈیو، ٹیٹو پارلرز اور دیگر آرائشی خدمات چلانے کی اجازت نہیں ہے۔<br><br>فزیوتھراپی اور مساج تھراپی جیسی خدمات کے لیے منضبط صحت سے متعلق پیشہ ور افراد کے ساتھ نگہداشت صحت کی اپائنٹمنٹس کی اجازت ہے۔ |
| **تفریح** | کچھ بیرونی تفریحی آسائشات کھلی ہیں، جو شرائط کے ساتھ مشروط ہیں۔ بیرون میں ماسک یا فیس کورنگ کے استعمال کی تب تاکیدی تجویز کی جاتی ہے جب وہ آسائشات استعمال کر رہے ہوں جو کھلی رہتی ہیں یا ایسے حالات میں جہاں جسمانی دوری قائم رکھنا مشکل ہو۔ واش روم کی سہولیات کا استعمال کرتے ہوئے، یا قطاروں میں انتظار کرتے ہوئے ماسک پہنا لازمی ہے۔<br><br>کھلی ہوئی آسائشات:<br><br>• پارک اور ساحل<br>• کھیل کے میدان<br>• واش روم<br>• کتے کو ٹہلانے کے علاقے<br>• پارکوں یا تفریحی حصوں میں موجود بنچ<br>• کمیونٹی اور الاٹمنٹ گارڈن<br><br>اوپر غیر مندرج بیرون کی دیگر تفریحی آسائشات صوبائی ضوابط کے تحت بند ہیں، بشمول:<br><br>• پکنک کی میزیں اور پناہ گاہیں<br>• گولف کورس<br>• ڈسک گولف کورس<br>• اسپورٹس کورٹس اور میدان (جیسے باسکٹ بال اور ٹینس کورٹ، ساکر کے میدان، بیس بال ڈائمنڈز، لان باؤلنگ گرینز)<br>• BMX اور اسکیٹ پارک<br>• بیرون میں تندرستی کے آلات<br>• خشک پیڈ (جیسے متعدد استعمال والے کھیل کود کے حصے)<br><br>بیرون میں تندرستی کی کلاسوں اور تربیت کی اجازت نہیں ہے۔<br><br>اندرون میں کھیل کود اور تفریحی تندرستی کی سہولیات بند ہیں، محدود استثناء کے ساتھ (جیسے پیشہ ور افراد اور اعلی کارکردگی دکھانے والے ایتھلیٹس کے ذریعے استعمال، معذور افراد کے لیے جسمانی تھراپی تک رسائی جیسا کہ *معذوری میں مبتلا اونٹاریو کے باشندوں کے لیے حالت رسائی سے متعلق ایکٹ (Accessibility for Ontarians with Disabilities Act)* میں بیان کیا گیا ہے۔ |

آخری اپ ڈیٹ: 26 اپریل 2021

| | **شٹ ڈاؤن والا زون اور گھر پر رہنے کا آرڈر** |
|---|---|
| **لائبریریاں** | لائبریریاں کھلی ہوئی ہیں لیکن استعمال بلا رابطہ پک اپ تک محدود ہے۔ کتابیں اور گردش کرنے والا دیگر مواد پک اپ کے لیے فون پر یا آن لائن ریزرو کروانا ضروری ہے۔ |
| **پالتو جانور کی دیکھ بھال** | بیطاری خدمات کی اجازت ہے۔<br><br>پالتو جانور سے متعلق خدمات جیسے پالتو جانور کو کھلانے کی خدمات، پالتو جانور کو ٹہلانے کی خدمات، پالتو جانور کو سدھانے کی خدمات اور پالتو جانور کی تربیت کی خمات کی اجازت ہے۔ |
| **گھریلو خدمات** | گھریلو اور صفائی اور مینٹیننس کی ان خدمات کی اجازت ہے جن سے بچوں، بزرگوں یا مصیبت زدہ افراد کو تعاون ملتا ہو۔ |